مسلسل اشاعت کے 83 سال

editor@nawaiwaqt.com.pk @nawaiwaqt

nawaiwaqt.com.pk fb.com/nawaiwaqt

DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD

روزنامہ

# نوائے وقت

بانی حمید نظامی مرحوم

معمار مجید نظامی مرحوم

ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

راولپنڈی
اسلام آباد

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

| جلد | ہفتہ 24 محرم الحرام 1445ھ 12 اگست 2023ء 29 ساون 2080ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر پی ایل | شما |
|---|---|---|---|---|
| 69 | UAN 111-222-007<br>قیمت 30 روپے<br>فون: 5550676-77، 2202141-44 | 10 | 003 | 37 |



راولپنڈی: میٹرک امتحانات کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ کا چیئرمین تعلیمی بورڈ محمد عدنان خان، کنٹرولر امتحانات
پروفیسر ساجد محمود فاروقی اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر آصف حسین کے ہمراہ گروپ فوٹو

Scanned with CamScanner

www.express.com.pk

# DAILY EXPRESS

# روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 73 | ہفتہ، 24 محرم الحرام، 12 اگست 2023ء، صفحات 14 قیمت 40 روپے

SATURDAY, AUGUST 12, 2023

# میٹرک پوزیشن ہولڈر طلباء کیلئے تقسیم انعامات تقریب

## شہریار 1083 نمبر اول، حذیفہ جاوید 1081 نمبر دوئم، تیسری پوزیشن پر تین بچے ہیں

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) چیئرمین پنجاب بورڈ کمیٹی نے پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے میٹرک فرسٹ اینول 2023ء کے امتحان میں شامل امیدواران کی پوزیشن کا اعلان کر دیا۔ اس سلسلہ میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان کنٹرولر امتحانات پروفیسر ساجد محمود فاروقی سیکرٹری بورڈ محمد آصف حسین اور پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات کے والدین اور اساتذہ نے شرکت کی۔ جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی تھے۔ تعلیمی بورڈ راولپنڈی میں پہلی پوزیشن شہریار حسن کا تعلق کیڈٹ کالج حسن ابدال اٹک سے ہے جس نے ایک ہزار 83 نمبر حاصل کئے، دوسری پوزیشن حذیفہ جاوید کا تعلق بھی کیڈٹ کالج حسن ابدال سے ہے جس نے 1081 نمبر حاصل کیے، تیسری پوزیشن تین بچوں میں تقسیم ہوئی جن میں سے محمد حسنین عامر کیڈٹ کالج حسن ابدال، نورالایمان اوڈی سرسید گرلز پبلک سکول فیض روڈ راولپنڈی اور فاطمہ ایمان فوجی فاؤنڈیشن ماڈل گرلز ہائر سیکنڈری سکول تلہ گنگ ان تینوں بچوں نے 1080 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے تمام پوزیشن ہولڈر بچوں کو مبارکباد دی انہوں نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ خاص لوگ ہیں جو پنجاب بھر کے میٹرک امتحان میں شرکت کرنے والے 11 لاکھ سٹوڈنٹ میں سے یہ 142 سٹوڈنٹس اوپر آئے ہیں انہوں نے طلباء کو پر زور نصیحت کی کہ آگے جس بھی تعلیمی شعبے میں جائیں ٹیکنالوجی اور جدید تعلیمی رجحانات کو مد نظر رکھیں، حکومت پنجاب کی طرف سے تعلیمی اخراجات اٹھانے کا وعدہ کیا۔



میٹرک پوزیشن ہولڈر طلباء کی تقسیم انعامات تقریب میں گروپ فوٹو

Scanned with CamScanner

khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ اسلام آباد، لاہور، ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، پشاور، سکھر اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ

# خبریں

# Daily KHABRAIN

اسلام آباد
راولپنڈی

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 20 | ہفتہ 24 محرم الحرام 1445ھ، 12 اگست 2023ء، 27 ساون 2080 ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ 289

Scanned with CamScanner



راولپنڈی: میٹرک امتحانات کے پوزیشن ہولڈر طلبہ کا چیئرمین تعلیمی بورڈ و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

Scanned with CamScanner

# میٹرک امتحانات، پنجاب بورڈ کا امیدواران کی پوزیشن کا اعلان

## تعلق کیڈٹ کالج حسن ابدال اٹک شہریار حسن نے 1083 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی

اٹک (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں چیئرمین پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمین نے پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے میٹرک فرسٹ اینول 2023 کے شائع امتحان ہونے والے امیدواران کی پوزیشن کا اعلان کر دیا اس سلسلہ میں ایک پروقار تقریب فلیٹیز ہوٹل لاہور میں منعقد کی گئی تقریب میں چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان، کنٹرولر امتحانات پروفیسر ساجد محمود فاروقی، سیکرٹری بورڈ محمد آصف حسین، پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات کے والدین اور اساتذہ نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی تھے۔ تعلیمی بورڈ راولپنڈی میں پوزیشن لینے والے امیدواران میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے شہریار حسن کا تعلق کیڈٹ کالج حسن ابدال اٹک سے ہے جس نے ایک ہزار 83 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی، دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے حذیفہ جاوید کا تعلق بھی کیڈٹ کالج حسن ابدال سے ہے جس نے 1061 نمبر حاصل کیے۔ تیسری پوزیشن تین بچوں میں تقسیم ہوئی جن میں محمد حسین ماہر کیڈٹ کالج حسن ابدال، نور الایمان لودی سرسید گرلز پبلک سکول نیو روڈ راولپنڈی اور فاطمہ ایمان فوجی فاؤنڈیشن ماڈل گرلز ہائر سیکنڈری سکول ٹمن تلہ گنگ شامل ہیں ان تینوں بچوں نے 1080 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام پوزیشن ہولڈر بچوں کو مبارکباد دی۔

Scanned with CamScanner




راولپنڈی، میٹرک امتحان میں پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کا چیئرمین تعلیمی بورڈ عدنان خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

Scanned with CamScanner

نوائے پاک

12 AUG 2023



راولپنڈی: میٹرک فرسٹ اینول 2023ء کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات کا چیئرمین تعلیمی بورڈ عدنان خان، کنٹرور امتحانات پروفیسر جالد محمود فاروقی اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر آص حسین کے ہمراہ گروپ فوٹو

Scanned with CamScanner

# امتحان میٹرک فرسٹ اینول امیدواروں کی پوزیشن کا اعلان

## محسن نقوی، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی، پوزیشن ہولڈر کے والدین شریک

## ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات کو مدنظر رکھیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کا خطاب

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) حکومت پنجاب کی ہدایت پر چیئرمین پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمین نے پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے امتحان میٹرک فرسٹ اینول 2023 کے شامل امتحان ہونے والے امیدواروں کی پوزیشن کا اعلان کر دیا اس حوالے سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان کنٹرولر امتحانات پروفیسر ساجد محمود فاروقی سیکریٹری بورڈ محمد آصف حسین اور پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کے والدین اور اساتذہ نے شرکت کی وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی تھے تعلیمی بورڈ راولپنڈی میں کیڈٹ کالج حسن ابدال اٹک کے شہریار حسن نے 1083 نمبر لے کر بورڈ میں پہلی اور حذیفہ جاوید نے 1081 نمبر لے کر پوزیشن حاصل کی جبکہ کیڈٹ کالج حسن ابدال کے محمد حسین عامر، سرسید گرلز پبلک سکول ٹیپو روڈ راولپنڈی کی نور الایمان لودھی اور فوجی فاؤنڈیشن ماڈل گرل ہائر سیکنڈری سکول تلہ گنگ کی فاطمہ ایمان نے 1080 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی نے تمام پوزیشن ہولڈر بچوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ 142 خاص لوگ ہیں جو پنجاب بھر کے میٹرک امتحان میں شرکت کرنے والے 11 لاکھ طلبا وطالبات میں سے اوپر آئے ہیں اور انہوں نے یہ ثابت کیا کہ تعلیم کی مدد سے ہم معاشرے میں مثبت نوعیت کی تبدیلیاں لا سکتے ہیں انہوں نے طلبا پر زور دیا کہ آگے جس بھی تعلیمی شعبے میں جائیں ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات کو مدنظر رکھیں اور تعلیم کی مدد سے اچھے انسان بننے کی کوشش کریں انہوں نے کہا کہ ایسے بچے جو آگے تعلیمی اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ان کے تعلیمی اخراجات پنجاب حکومت برداشت کرے گی انہوں نے ہدایت کی کہ تمام پوزیشن ہولڈر طلبا و طالبات کو لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کروائی جائے اور پورے پروٹوکول کے ساتھ واپس اپنے شہروں میں لے جایا جائے۔

Scanned with CamScanner

سلام آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
https://sadaesach.com/epaper

DAILY
SADA-E-SACH
ABC-Certified
اسلام آباد
روزنامہ
صدائے سچ
چیف ایڈیٹر:
سید تبسم عباس شاہ
https://sadaesach.com/epaper
dailysadaisach09@gmail.com www.sadaesach.com

جلد: 07 | ہفتہ 12 اگست 2023ء | صفحات: 4 قیمت: 10 روپے | شمارہ: 146




راولپنڈی، تعلیمی بورڈ کے زمتحان میٹرک فرسٹ اینول 2023 کے پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کا چیئرمین تعلیمی بورڈ عدنان خان کنٹرولر امتحانات پروفیسر ساجد محمد فاروقی، سیکرٹری بورڈ پروفیسر آصف حسین کے ہمراہ گروپ فوٹو

# میٹرک فرسٹ اینول میں شامل ہونیوالے امیدواران کی پوزیشن کا اعلان

## نڈی بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنیوالے شہریار حسن کا تعلق کیڈٹ کالج حسن ابدال سے ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) حکومت پنجاب کی بدایا
ت کی روشنی میں چیئرمین پنجاب بورڈ کمیٹی اف چیئرمین
نے پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے امتحان میٹرک
رسٹ اینول 2023 کے شامل امتحان ہونے والے
میدواران کی پوزیشن کا اعلان کر دیا اس سلسلہ میں ایک
پروقار تقریب فلیٹیز ہوٹل لاہور میں منعقد کی گئی تقریب
یں چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان کنٹرولر
متحانات پروفیسر ساجد محمود فاروقی سیکرٹری بورڈ جناب محمد
صف حسین اور پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کے والدین
وراساتذہ نے شرکت کی۔ جس کے مہمان خصوصی وزیر
علی پنجاب سید محسن رضا نقوی تھے تعلیمی بورڈ راولپنڈی
یں پوزیشن لینے والے امیدواران کی تفصیل درج زیل
ہے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے شہریار حسن کا تعلق
کیڈٹ کالج حسن ابدال اٹک سے ہے جس نے ایک
ہزار 83 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی دوسری پوزیشن
حاصل کرنے والے حذیفہ جاوید کا تعلق بھی کیڈٹ کالج
حسن ابدال سے ہے جس نے 1081 نمبر حاصل کیے
تیسری پوزیشن تین بچوں میں تقسیم ہوئی جن میں سے محمد
حسین عامر کیڈٹ کالج حسن ابدال، نور الایمان لودی
سرسید گرلز پبلک سکول نیو روڈ راولپنڈی اور فاطمہ ایمان
فوجی فاونڈیشن ماڈل گرلز ہائر سکنڈری سکول تلہ گنگ ان

تینوں بچوں نے 1080 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن
حاصل کی وزیر اعلی پنجاب سید محسن رضا نقوی نے
تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام پوزیشن ہولڈر
بچوں کو مبارکباد دی پہلی پوزیشن لینے والے بچوں کے
درمیان انعامات تقسیم کرنے کے بعد انہوں نے بچوں
سے خطاب کرتے ہوئے مبارک باد دی اور کہا کہ اپ
خاص لوگ ہیں جو پنجاب بھر کے میٹرک امتحان میں شرکت
کرنے والے 11 لاکھ سٹوڈنٹ میں سے یہ 42
سٹوڈنٹس اوپر ائے ہیں اور انہوں نے بتایا ان کو کہ تعلیم
کی مدد سے ہم معاشرے میں مثبت نوعیت کی تبدیلیاں ا
سکتے ہیں انہوں نے طلبا کو پرزور نصیحت کی کہ اگے
جس بھی تعلیمی شعبے میں جائیں ٹیکنالوجی اور اور نئے تعلیمی
رجحانات کو مدنظر رکھیں اور تعلیم کی مدد سے اچھے انسان
بننے کی کوشش کریں اخر میں انہوں ال نے کہا کہ ایسے
بچے جو اگے تعلیمی اخراجات برداشت کرنے کی صلا
حیت نہیں رکھتے حکومت پنجاب کی طرف سے تعلیمی
اخراجات اٹھانے کا وعدہ کیا تقریر کے اختتام پر انہوں
نے احکامات دیے کہ پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات کو
لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کروائی جائیاور فل
پروٹوکول کہ ساتھ واپس اپنے اپنے شہروں میں لے جا
جائے کیونکہ یہ وزیر اعلی کے خاص مہمان ہیں

Scanned with CamScanner

روزنامہ جنگ لاہور
12 AUG 2023
CM Page 9 F Column
ڈبل 4.5 ... 5.6




لاہور: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کے ساتھ میٹرک میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں پہلی پوزیشن لینے والی ملتان بورڈ کی طالبہ کشف فاطمہ اور اس کے والد کا گروپ فوٹو

## گندم خریداری کا 600 ارب سرکلر ڈیٹ کلیئر کرکے 150 ارب بچائے

کپاس کی کاشت سے بھی اربوں روپے زرمبادلہ کی بچت ہوئی، حکومتی مدت میں اضافہ ہوگا؟ علم نہیں، تقریب سے خطاب

ہنگامی حالات کے خلاف پیشگی اقدامات کا حکم، یوم آزادی کی تقریبات فائنل، ڈکیتی مزاحمت پر قتل نوجوان کے گھر جا کر اہل خانہ سے تعزیت

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات کو حتمی شکل دی گئی۔ 13 اگست کی رات 12 بجے آتش بازی کی جائے گی۔ 14 اگست کی صبح بیک وقت پورے پنجاب کے تمام ڈویژنل

صفحہ 6 بقیہ نمبر 19

## میٹرک پوزیشن ہولڈر طلباء کے اعزاز میں تقریب، وزیراعلیٰ نے انعامات سے نوازا

ملتان اور وہاڑی کی طالبات کشف فاطمہ اور عائشہ شوکت نے پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی

تصویر صفحہ 9 پر

لاہور (خصوصی رپورٹر) میٹرک کے سالانہ امتحان برائے 2023 میں پنجاب بھر کے تمام تعلیمی بورڈز

صفحہ 8 بقیہ نمبر 7

### بقیہ | وزیراعلیٰ محسن نقوی | 19

واضح رہے کہ ... میں پرچم کشائی کی تقریبات ہوں گی۔ 14 اگست کی شام عوام کے لئے خصوصی تقریبات میں ملی نغمے اور ترانے پیش کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ہمارے اسلاف کی بے پناہ قربانیوں کا ثمر ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں پنجاب میں اسموگ کے ممکنہ خدشے کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سموگ کے لئے ٹھوس اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہم نہیں جانتے تھے کہ ہماری نگران حکومت کی مدت میں اضافہ ہوگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ 4 ملین ٹن بتایا گیا کہ پاکستان 4 ارب ڈالر کی کپاس باہر سے منگوا رہا ہے ہم نے خلوص نیت سے کوشش کی جس کی وجہ سے اس برس تقریباً 48 لاکھ ایکڑ رقبے پر کپاس کاشت ہوئی۔ اسی طرح گندم کا سرکلر ڈیٹ 600 ارب روپے کا ہو گیا تھا اور اگلے برس اس پر 150 ارب روپے کا سود بھی دینا تھا۔ چیف سیکرٹری نے مجھے بریفنگ دی اور ہم نے فیصلہ کیا کہ یہ قرض اتارنا ہے۔ ہم نے 600 ارب روپے کا سرکلر ڈیٹ بھی کلیئر کیا اور 150 ارب روپے بچائے بھی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے گلزار قائد، ایئرپورٹ ہاؤسنگ سوسائٹی، راولپنڈی میں چند روز قبل ڈکیتی میں مزاحمت پر جاں بحق نوجوان احمد ... کے اہل خانہ کے گھر جا کر ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔

### بقیہ | میٹرک پوزیشن ہولڈر | 7

میں اول، دوم اور سوم پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلباء و طالبات میں نقد انعامات، میڈلز اور تعریفی اسناد کی تقسیم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے 142 پوزیشن ہولڈر طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کئے۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے بچے کو تین لاکھ، دوسری پوزیشن پر 2 لاکھ اور تیسری پوزیشن والے بچوں کو ایک لاکھ روپے کے انعامات دیئے گئے۔ انعامات حاصل کرنے والے بچوں کو سائنس، آرٹس، لڑکوں اور لڑکیوں کی کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا تھا۔ تقریب میں ہر شعبہ زندگی میں نمایاں مقام رکھنے والی شخصیات کے علاوہ سینئر صحافیوں اور وزراء نے شرکت کی۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپنے خطاب میں ایک پوزیشن ہولڈر طالب علم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اس سے پوچھا کہ آپ کیا بننا چاہتے ہیں تو پوزیشن ہولڈر طالب علم نے بتایا کہ میں بڑا ہو کر آپ کی جگہ بیٹھنا چاہوں گا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ کو سرکاری مہمان قرار دیا اور لاہور کی سیر کرنے کی دعوت دی۔ وزیراعلیٰ نے ہر بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو سرٹیفکیٹس اور انعامات سے نوازا۔ تقریب کے شرکاء نے پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ملتان اور وہاڑی کی طالبات کشف فاطمہ اور عائشہ شوکت کو تالیاں بجا کر سراہا۔ نگران وزیراعلیٰ نے دونوں طالبات کے والد کو سٹیج پر بلایا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی پوزیشن ہولڈرز بچوں کو انعام دینے کے بعد ان سے باتیں کرتے رہے اور ان سے مستقبل کے ارادوں کے بارے میں دریافت کرتے رہے۔ محسن نقوی نے سرگودھا بورڈ ٹاپ کرنے والے بچے کی خواہش پر خصوصی طور پر تصویر بنوائی۔ لاہور بورڈ سائنس گروپ میں عبداللہ اور عروہ عالم، آرٹس گروپ میں مریم نور نے پہلی پوزیشن کا انعام حاصل کیا۔ سرگودھا بورڈ سائنس گروپ میں محمد حذیفہ اور حفصہ خان نے پہلی جبکہ آرٹس گروپ میں معاذ احمد اور روزہ یا فاروق کو نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹ دیا گیا۔ ملتان بورڈ میں سائنس گروپ محمد ریش حسنین، کشف فاطمہ اور عائشہ شوکت نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ آرٹس گروپ میں عبداللہ نثار اور حافظہ طیبہ صدیقی کو نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹ دیا گیا۔ ساہیوال بورڈ سائنس گروپ میں تحسین مشتاق اور رمشا حنیف جبکہ آرٹس گروپ میں محمد ریحان یاسین اور اقراء جاوید کو نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹ دیے گئے۔ فیصل آباد بورڈ میں سائنس گروپ میں محمد احمد، جواد حیدر اور ... اول رہے جبکہ آرٹس گروپ میں محمد اویس اور نویرا ملک نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹ ملے۔ گوجرانوالہ بورڈ میں عبداللہ علی زین العابدین اور امن بلال اول جبکہ آرٹس گروپ میں جمشید علی اور ... کو نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹ ملے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔ نگران صوبائی وزیر تعلیم منصور قادر نے بھی خطاب کیا۔

1

روزنامہ ایکسپریس لاہور

12 AUG 2023

CM Page B Column

7,8 .... دُرتھ

6,8 .... عرض

# مایوسی گناہ، پاکستان کا مستقبل روشن اور بہت آگے جانا ہے: محسن نقوی

منفی نہیں مثبت سوچنا ہے، پاکستان کو بہتر بنانے کے کام میں حصہ ڈالنا ہمارا فرض، وزراء اور بیوروکریسی بہترین کام کر رہی

## پاکستان میں وسائل کی کوئی کمی نہیں، پوزیشن ہولڈرز طالبعلموں کی تعلیمی معاونت جاری رکھیں گی: نگران وزیراعلیٰ



لاہور: وزیراعلیٰ میٹرک امتحانات کے پوزیشن ہولڈرز میں گولڈ میڈل و اسناد تقسیم کر رہے ہیں

لاہور، راولپنڈی (یوسف عباسی، نامہ نگار خصوصی، خبر نگار، صباح نیوز) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب نے مقامی (باقی صفحہ 5 نمبر 46)

46 محسن نقوی

ہوٹل میں پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کو نقد انعامات، سرٹیفکیٹس اور میڈلز دیے۔ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کو کامیابی پر مبارکباد دی اور ان کے روشن مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نگران وزیراعلیٰ نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ پوزیشن ہولڈرز طلبہ، طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد دیتا ہوں، میرے لئے اعزاز کی بات ہے کہ میں پاکستان کے روشن مستقبل کے ساتھ بیٹھا ہوں، یہ ہماری ذمہ داری بھی ہے اور فرض بھی کہ پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کریں یہ بچے پاکستان کا مستقبل ہیں، یہ بچے ایک دن ملک و قوم کا نام روشن کریں گے، پنجاب حکومت پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کی تعلیم کے حوالے سے معاونت جاری رکھے گی، یہ بچے اور بچیاں ہمارا مستقبل ہیں انہیں سپورٹ کرنا ہمارا فرض ہے، صوبائی وزراء اور بیوروکریسی بہترین انداز میں عوام کی خدمت کر رہی ہے، پاکستان کے غیر یقینی مستقبل کے بارے میں گھروں میں باتیں ہو رہی ہیں لیکن قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ مایوسی گناہ ہے، ہمارا فرض ہے کہ ہم سب پاکستان کو بہتر بنانے کے کام میں اپنا حصہ ڈالیں، پاکستان میں وسائل کی کوئی کمی نہیں اور پاکستان کی افرادی قوت دنیا میں سب سے بہترین ہے، ہم نے منفی نہیں بلکہ مثبت سوچنا ہے اور پاکستان بہت آگے نکل جائیگا۔

روزنامہ خبریں لاہور

12 AUG 2023

Page F Column 7-8-6

# مایوسی گناہ، پاکستان کی ترقی میں ہم سب کو حصہ ڈالنا ہے: محسن نقوی

ملک اس لیے نہیں بنا غریب کے بچے تعلیم حاصل نہ کر سکیں اور اشرافیہ کے بچے مہنگے اداروں میں پڑھیں

## جشن آزادی تقریبات کو حتمی شکل دے دی، ملکی ترقی میں اقلیتوں کا اہم کردار: پیغام

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب نے مقامی ہوٹل میں پنجاب کے تمام تعلیمی

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6



محسن نقوی کے ہمراہ میٹرک میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں پہلی پوزیشن لینے والی ملتان بورڈ کی ہونہار طالبہ عائشہ شوکت اور اسکے والد کا گروپ فوٹو۔

سے چراغاں کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ہمارے اسلاف کی بے پناہ قربانیوں کا ثمر ہے۔ آزادی کے لیے مسلمانوں نے آگ اور خون کے دریا عبور کئے۔ آزاد قومیں آزادی کا دن قومی جوش و خروش اور ولولے سے مناتی ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب بھر میں یوم آزادی [illegible]

[illegible]

## بقیہ نمبر 6 // محسن نقوی

بورڈز کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کو نقد انعامات [illegible]

[illegible]

کے اس عہد میں کیونکہ ہم نے ہی عوام کو سہولتیں دینی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری کوشش ہے کہ ہسپتالوں کے حالات کو بہتر بنایا جا سکے۔ پاکستان کے غیر یقینی مستقبل کے بارے میں گھروں میں باتیں ہوتی ہیں لیکن قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ مایوسی گناہ ہے [illegible]

[illegible]

Scanned with CamScanner

روزنامہ 92 نیوز لاہور

12 AUG 2023

Page F

Column 1-3 1-2

# نگران وزراء، بیوروکریسی عوام کی خدمت کر رہی: محسن نقوی

پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم

## پنجاب میں جشن آزادی بھرپور طریقے سے منانے کا فیصلہ، نگران وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، انتظامات کو حتمی شکل دی گئی

## ہر مظلوم کے ساتھ کھڑا ہوں، محسن نقوی، راولپنڈی میں ڈکیتی مزاحمت پر قتل ہونیوالے نوجوان کے لواحقین سے اظہار افسوس

لاہور، راولپنڈی (وقائع نگار، رپورٹر 92 نیوز) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ہائر ایجوکیشن نے مقامی ہوٹل میں پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے پوزیشن ہولڈرز طلبا و طالبات کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا۔ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز 142 طلبا

(باقی صفحہ 4 نمبر 4)




لاہور: وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا پہلی پوزیشن لینے والی طالبہ عائشہ شوکت اور ان کے والد کیساتھ گروپ فوٹو

بقیہ محسن نقوی 4

طالبات کو نقد انعامات، سرٹیفکیٹس اور میڈلز دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد دیتا ہوں، پوزیشن ہولڈرز کی بھرپور حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے۔ نگران وزراء اور بیوروکریسی بہترین انداز میں عوام کی خدمت کر رہی ہے۔ ہسپتالوں کی حالت اتنی خراب ہو چکی ہے کہ مریض کے ساتھ ڈاکٹرز بھی پریشان ہیں، اس ساری صورتحال کے ذمہ دار ہم ہیں، پوری کوشش ہے کہ ہسپتالوں کے حالات کو بہتر بنایا جا سکے۔ ہم نے مثبت سوچنا ہے اور انشاءاللہ پاکستان بہت آگے نکل جائے گا۔ علاوہ ازیں محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات منانے کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور تقریبات کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا پنجاب میں یوم آزادی شایان شان اور قومی جذبے سے منایا جائے گا۔ 13 اگست کی رات 12 بجے مینار پاکستان اور دیگر مقامات پر آتش بازی کی جائے گی، 14 اگست کی صبح بیک وقت پورے پنجاب کے تمام ڈویژنل، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی تقریبات ہوں گی۔ 14 اگست کی شام عوام کے لئے خصوصی تقریبات میں ملی نغمے اور ترانے پیش کئے جائیں گے، نامور گلوکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے، تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں کیا جائے گا، نمایاں مقامات پر قومی پرچم آویزاں کئے جائیں گے۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں معروف گلوکار راحت فتح علی خان اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ حضوری باغ میں صبح 8 بجے پرچم کشائی کی تقریب ہوگی۔ ملتان گھنٹہ گھر میں پرچم کشائی، قلعہ میں آتش بازی اور میوزیکل نائٹ ہوگی، ملتان مینرہ کے روٹ پر چراغاں کیا جائے گا۔ یوم آزادی کے موقع پر شجر کاری بھی کی جائے گی۔ لاہور اور فیصل آباد کی نہروں میں جشن آزادی کی مناسبت سے چراغاں کیا جائے گا۔ اس موقع پر نگران وزیر اعلیٰ نے کہا پاکستان ہمارے اسلاف کی بے پناہ قربانیوں کا ثمر ہے۔ آزاد قومیں آزادی کا دن قومی جوش و خروش اور ولولے سے مناتی ہیں۔ پنجاب بھر میں یوم آزادی کو یادگار اور منفرد طریقے سے منایا جا رہا ہے۔ دریں اثنا محسن نقوی نے راولپنڈی میں گلزار قائد، ایئرپورٹ ہاؤسنگ سوسائٹی میں چند روز قبل کلینک میں ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق ہونے والے نوجوان احمد افسر کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور افسوسناک واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا ظالموں نے 3 بچوں کے سر کا سایہ چھین کر گھناؤنا جرم کیا۔ پنجاب حکومت آپ کے خاندان کے ساتھ ہے۔ آپ کے خاندان کا پورا خیال رکھیں گے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس کو ہر صورت پورا کریں گے۔ ہر مظلوم کے ساتھ کھڑا ہوں۔ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب میں ڈینگی کے ممکنہ خدشے کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ نگران وزیر اعلیٰ نے ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ کے سدباب کے لئے پیشگی اقدامات کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہر سطح پر ڈینگی کے سدباب کے لئے اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز کو مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں تفویض کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ نگران وزیر اعلیٰ نے کہا لبرٹی چوک میں سب سے بڑا قومی پرچم نصب کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ قومی پرچم کی تنصیب میں حکومت کا ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہوگا، منصوبے کی فنڈنگ نجی شعبہ کرے گا۔ اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا ہمارا دین اور آئین ہمیں سب کے ساتھ اعلیٰ سلوک روا رکھنے کا درس دیتا ہے۔ پنجاب حکومت امتیازی سلوک کے خاتمے اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے۔

Scanned with CamScanner

①

CM

Daily The Nation
12 AUG 2023

Page ______ Column 1 – 6

# Collective responsibility to encourage and uplift the youth, says CM Mohsin

OUR STAFF REPORTER
LAHORE

In accordance with the special directives of Punjab's Caretaker Chief Minister Mohsin Naqvi, the Higher Education Department organized a distinguished ceremony to honor the top achievers from all educational boards of Punjab.

The event took place at a local hotel and witnessed Chief Minister Mohsin Naqvi bestowing cash prizes, certificates, and medals upon the accomplished position holders. The ceremony celebrated the achievements of 142 students across Punjab's educational boards who secured prominent positions. Commending their triumphs and extending his best wishes for their promising futures, Chief Minister Mohsin Naqvi warmly congratulated all position holders. He personally invited the fathers of students Kashf Fatima and Ayesha Shaukat to the stage, acknowledging their daughters' success. Notably, both students' fathers serve as government school teachers. Amidst the ceremony's ambiance, students presented a recitation of the Quran, followed by a Naat Rasool Maqbool s.a.w. and renditions of national songs. The distinguished event garnered participation from various esteemed figures including Provincial Ministers Mansoor Qadir, Amir Mir, and Dr. Jamal Nasir, Secretary of Higher Education Javed Akhtar, Secretary of Information, Commissioners, other officers, students, and their parents. Addressing the attendees, Chief Minister Mohsin Naqvi conveyed heartfelt congratulations to the position holders and their families. He highlighted his swift decision to revive the tradition of honoring position holders, an initiative that had been discontinued for several

## CM applauds achievers at ceremony for Punjab's position holders

years. He expressed his honor in sharing a platform with Pakistan's promising future. Mohsin Naqvi stressed the collective responsibility to encourage and uplift these young achievers and pledged ongoing support for them. The chief minister shared anecdotes from interactions with position holder students, where their aspirations ranged from becoming software engineers to pursuing CSS. He was moved by a student expressing his desire to achieve a position akin to his own. This stirred his optimism about the bright future these students hold for Pakistan. Acknowledging the parents who have persevered in providing education under challenging circumstances, Mohsin Naqvi paid tribute to their dedication. He affirmed that the Punjab Government remains committed to supporting the education of position holders, underscoring their pivotal role in shaping Pakistan's future. Encouraging collective efforts, he asserted that positive actions taken collectively can bring about significant change. Reflecting on his caretaker government's extended tenure, he recounted remarkable achievements, such as cultivating cotton over an area of around 48 lakh acres, saving billions of rupees in foreign exchange. He also shared how strategic decisions alleviated the wheat circular debt, saving Rs. 600 billions. Applauding team efforts, he credited the diligence of provincial ministers and bureaucracy in serving the people. Expressing concern over the state of hospitals, Mohsin Naqvi emphasized the need to enhance their conditions. He urged collective contributions to the betterment of Pakistan, highlighting the nation's potential in agriculture and minerals.

Scanned with CamScanner

Daily Times
12 AUG 2023

Page 3 Column 1-6

# Naqvi orders to celebrate Independence Day with patriotic fervor

Caretaker Chief Minister Punjab Mohsin Naqvi, during a meeting held at CM's office on Friday, reviewed arrangements for celebrating Independence Day.

Acting upon directives from the caretaker CM, Independence Day festivities are set to be marked with a blend of grandeur and patriotic fervor, as extensive plans have been finalized for Punjab's jubilant observance.


At night on August 13, a vibrant display of fireworks is scheduled to illuminate the skies. Simultaneously, on the morning of August 14, flag-hoisting ceremonies will be held in unison across all divisional and district headquarters throughout Punjab. On the evening of August 14, national songs and anthems will be presented to the public in special events. Renowned singers will perform. All government and private buildings will be lit up across the province. National flags will be displayed at prominent places in all cities.

Famous singer Rahat Fateh Ali Khan will perform at the Gaddafi Stadium. Fireworks will be set off at Minar-e-Pakistan and other places. The day will witness a ceremonial flag hoisting at Huzuri Bagh at 8 am, followed by similar observances at landmarks such as Multan Ghanta Ghar. Firework displays and musical performances will grace the night in Multan, where the Metro route will also be illuminated. In the spirit of rejuvenation, the occasion will also see the planting of saplings.

Reflecting the luminance of unity and patriotism, the canals of Lahore and Faisalabad will shimmer with the glow of lit lamps. The CM passionately acknowledged Pakistan's genesis as a product of immense ancestral sacrifices, with a reminder that independence was secured through the crossing of rivers of fire and blood by Muslims striving for liberty.

Emphasizing the vibrancy of the celebrations, the CM conveyed that Punjab's Independence Day observances are meticulously curated to stand as a remarkable and unparalleled tribute.

The meeting was graced by the presence of notable figures including provincial ministers Azfar Ali Nasir, Mansoor Qadir, Adviser to Chief Minister Wahab Riaz, Chief Secretary, Inspector General of Police, Additional Chief Secretary, CCPO, Additional Chief Secretary Interior, and Secretaries of various departments including Information, Higher Education, Schools, Tourism, Sports and Youth Affairs, Primary and Secondary Healthcare, Commissioner Lahore Division, Chairman Punjab Information Technology Board, Director General Public Relations, Director General PHA, and relevant officers. Commissioners participated through video link.




In accordance with the special directives of Punjab Caretaker Chief Minister Mohsin Naqvi, the Higher Education Department organized a ceremony to honour top achievers from all educational boards of Punjab.

The event took place at a local hotel here on Friday and witnessed the chief minister bestowing cash prizes, certificates, and medals upon the accomplished position holders. The ceremony celebrated the achievements of 142 students across Punjab's educational boards who secured prominent positions.

Commending their triumphs and extending his best wishes for their promising futures, the CM warmly congratulated all position holders. He personally invited the fathers of students Kashf Fatima and Ayesha Shaukat to the stage, acknowledging their daughters' success. Notably, both students' fathers serve as government school teachers.

Amidst the ceremony's ambiance, students presented a recitation of the Quran, followed by a Naat Rasool Maqbool (SAW) and renditions of national songs. The distinguished event garnered participation from various esteemed figures including provincial ministers Mansoor Qadir, Amir Mir, and Dr. Jamal Nasir, Secretary of Higher Education Javed Akhtar, Secretary of Information, Commissioners, other officers, students, and their parents.

Addressing the attendees, Caretaker Chief Minister Mohsin Naqvi conveyed heartfelt congratulations to the position holders and their families. He highlighted his swift decision to revive the tradition of honouring position holders, an initiative that had been discontinued for several years. He expressed his honour in sharing a platform with Pakistan's promising future. Mohsin Naqvi stressed the collective responsibility to encourage and uplift the young achievers and pledged ongoing support for them.

Naqvi shared anecdotes from interactions with the position holder students, where their aspirations ranged from becoming software engineers to pursuing CSS. He was moved by a student expressing his desire to achieve a position akin to his own. This stirred his optimism about the bright future these students hold for Pakistan.

Scanned with CamScanner

Daily Times
12 AUG 2023

Page ____________ Column______________

Acknowledging the parents who have persevered in providing education under challenging circumstances, Mohsin Naqvi paid tribute to their dedication. He affirmed that the Punjab government remains committed to supporting the education of position holders, underscoring their pivotal role in shaping Pakistan's future. Encouraging collective efforts and asserted that positive actions taken collectively can bring about significant change.

Reflecting on his caretaker government's extended tenure, Mohsin Naqvi recounted remarkable achievements, such as cultivating cotton over an area of around 48 lakh acres, saving billions of rupees in foreign exchange. He also shared how strategic decisions alleviated the wheat circular debt, saving Rs. 600 billions.

Applauding team efforts, he credited the diligence of provincial ministers and bureaucracy in serving the people. Expressing concern over the state of hospitals, Mohsin Naqvi emphasized the need to enhance their conditions. He urged collective contributions to the betterment of Pakistan, highlighting the nation's potential in agriculture and minerals. He said, "We have just returned from a visit to Uzbekistan. Uzbekistan is very advanced in cotton cultivation. Uzbekistan took the cotton seed from Pakistan and they developed it and today they are get three times more crop. "We have not done the research that is why we lag behind."

Addressing the position holders, he advised them to balance education with extracurricular activities and aspire to contribute positively to Pakistan's progress.

Provincial Minister of Education Mansoor Qadir emphasized that the true guests of the event were the position holders themselves and their parents. He acknowledged the need to bridge the divide between education for the poor and elite, lauding Chief Minister Mohsin Naqvi's efforts to achieve this balance.

Mansoor Qadir reaffirmed the commitment to demonstrating through actions that the nation's resources were equally accessible to all, regardless of their socio-economic backgrounds. We have to leave good traditions for our generations, he added. APP

Scanned with CamScanner

روزنامہ دنیا لاہور

C.M Page F 12 AUG 2023 Column 1-2




نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کے ہمراہ میٹرک میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ملتان بورڈ کی طالبہ عائشہ شوکت اور والد کا گروپ فوٹو

# محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبا میں انعامات تقسیم کیے

## یوم آزادی کی تیاریاں مکمل، 13 اگست رات 12 بجے آتش بازی ہوگی

لاہور (سیاسی رپورٹر سے) محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب نے مقامی ہوٹل میں پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد (صفحہ 5 بقیہ نمبر 22)

بقیہ نمبر 22 محسن نقوی

کیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کو نقد انعامات، سرٹیفکیٹس اور میڈلز دیے۔ تقریب میں پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے 142 طلبہ و طالبات کو انعامات دیے گئے۔ محسن نقوی نے تمام پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کو کامیابی پر مبارکباد دی۔ محسن نقوی نے پنجاب کے تمام بورڈز میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کشش فاطمہ اور عائشہ شوکت کے والد کو سٹیج پر بلایا اور انہیں بیٹیوں کی کامیابی پر مبارکباد دی۔ دونوں طالبات کے والد سرکاری سکول ٹیچر ہیں۔ محسن نقوی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد دیتا ہوں۔ گزشتہ چند برس سے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں تقریب بند ہوگئی تھی۔ جیسے ہی میرے علم میں یہ معاملہ آیا میں نے فوری طور پر پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا۔ یہ ہماری ذمہ داری بھی ہے اور فرض بھی کہ پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کریں۔ آئندہ بھی پوزیشن ہولڈرز کی بھرپور حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بچے پاکستان کا مستقبل ہیں۔ مجھے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات سے بات چیت کر کے بہت خوشی ہوئی کیونکہ ان میں کوئی سافٹ ویئر انجینئر بننا چاہتا ہے اور کوئی سی ایس ایس کرنا چاہتا ہے۔ ایک بچے نے کہا کہ میں اس پوزیشن پر آنا چاہتا ہوں جہاں آپ ہیں، مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی۔ یہ بچے ایک دن ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نہیں جانتے کہ ہماری نگران حکومت کی مدت میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سے کوئی نہیں بلکہ قسمت سوچتا ہے اور پاکستان بہت آگے نکل جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کا یہ آئینی حق ہے کہ وہ اپنی سیاسی سوچ کے مطابق پاکستان میں رہے۔ کسی پارٹی کے حوالے سے کوئی قدغن نہیں لیکن اداروں اور سرکاری ملازمین کو ٹارگٹ نہ کریں۔ ہر شہری کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کیونکہ ایسی حرکت سے پاکستان کو نقصان پہنچتا ہے۔ نگران وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں یوم آزادی کی تقریبات منانے کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ پنجاب بھر میں جشن آزادی کی شاندار تقریبات کو حتمی شکل دی گئی۔ 13 اگست کی رات 12 بجے آتش بازی کی جائے گی۔ 14 اگست کی صبح یک

تحت پورے پنجاب کے تمام ڈویژنل و ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی تقریبات ہوں گی۔ 14 اگست کی شام عوام کے لئے خصوصی تقریبات میں ملی نغمے اور ترانے پیش کئے جائیں گے۔ نامور گلوکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ صوبہ بھر میں تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں کیا جائے گا۔ تمام شہروں کے نمایاں مقامات پر قومی پرچم آویزاں کئے جائیں گے۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں معروف گلوکار راحت فتح علی خان اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ مینار پاکستان اور دیگر مقامات پر آتش بازی کی جائے گی۔ حضوری باغ میں صبح 8 بجے پرچم کشائی کی تقریب ہوگی۔ ملتان گھنٹہ گھر میں پرچم کشائی، قلعہ میں آتش بازی اور میوزیکل نائٹ ہوگی۔ ملتان میٹرو کے روٹ پر چراغاں کیا جائے گا۔ یوم آزادی کے موقع پر شجرکاری بھی کی جائے گی۔ نگران وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ لبرٹی چوک میں بلند ترین اور سب سے بڑا قومی پرچم نصب کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ قومی پرچم کی تنصیب میں حکومت کا ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہوگا۔ محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں خصوصی اجلاس ہوا جس میں پنجاب میں ڈینگی کے ممکنہ خدشے کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے لاہور، راولپنڈی اور ملتان سمیت تمام شہروں میں ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ کے سدباب کے لئے پیشگی اقدامات کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ہر سطح پر ڈینگی کے سدباب کے لئے اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز کو مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں تفویض کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ادھر محسن نقوی نے گلزار قائد، ائیرپورٹ ہاؤسنگ سوسائٹی، راولپنڈی میں چند روز قبل کلینک میں ذہنی حراست پر جاں بحق نوجوان احمد اظہر کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ جاں بحق نوجوان احمد اظہر کی بیوہ، بچیاں اور دیگر لواحقین سے افسوسناک واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا اور جاں بحق نوجوان کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ محسن نقوی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس کو ہر صورت پورا کریں گے۔ صوبہ بھر میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے آئی جی پنجاب سے مسلسل رابطہ رہتا ہے۔ پولیس کی کارروائی کی وجہ سے اس ذہنی کی اس واردات میں ملوث ملزموں کی صوبے سے فرار ہونے کی کوشش کو ناکام بنایا گیا۔ محسن نقوی نے اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا دین اور آئین ہمیں سب کے ساتھ اچھا سلوک روا رکھنے کا درس دیتا ہے۔ بابائے قوم قائداعظم نے بھی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی تلقین کی ہے۔ اقلیتوں کا پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور امن و استحکام کو مضبوط بنانے میں بہت اہم کردار ہے۔

Scanned with CamScanner

(1)

روزنامہ سٹی 42 لاہور

C.M Page 15 12 AUG 2023 Column 6-8 6-8




وزیراعلیٰ محسن نقوی کے ہمراہ میٹرک میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں پہلی پوزیشن لینے والی ملتان بورڈ کی ہونہار طالبہ کشف فاطمہ اور اس کے والد کا گروپ فوٹو

# میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں تقریب، وزیراعلیٰ نے انعامات تقسیم کیے

## وزیراعلیٰ نے پہلی پوزیشن والے طلبا وطالبات کو 3 لاکھ، سیکنڈ کو 2 لاکھ اور تیسری پوزیشن پر ایک لاکھ روپے دیئے

## پوزیشن ہولڈرز بچے ملک کا مستقبل، ہر شعبہ میں کام کرنے والوں کو ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا، محسن نقوی

ایجرٹن روڈ (جنید ریاض) میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ کے اعزاز میں تقریب۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لاہور کی تاپر طوبی سمیت پوزیشن ہولڈرز میں انعامات اور میڈلز تقسیم کیے۔ پہلی پوزیشن والے طلباء وطالبات کو 3 لاکھ کے چیک دیے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ 10)

بقیہ 10

### اعزاز میں تقریب

دوسری پوزیشن والوں کو 2 لاکھ اور تیسری پوزیشن والوں کو ایک لاکھ روپے دیے گئے۔ فلیٹیز ہوٹل میں میٹرک کے سالانہ امتحان میں پنجاب بھر سے پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے 142 طلباء وطالبات میں لاکھوں روپے کے انعامات، میڈلز اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب میں کہا۔ پوزیشن ہولڈرز بچے ملک کا مستقبل ہیں۔ جو والدین غربت میں بھی بچوں کو پڑھا رہے ہیں وہ سب سے زیادہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا ملک میں وسائل کی کوئی کمی نہیں۔ ہر شعبہ میں کام کرنے والے افراد کو ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا۔ پوزیشن ہولڈرز طلبہ نے اپنے اعزاز میں تقریب کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیا گوجرانوالہ میں 1034 نمبر لینے والے طالبعلم جشید علی نے کہا۔ والدہ نے گھروں میں کام کرکے اسے پڑھایا۔ تقریب میں صوبائی وزراء عامر میر، جمال ناصر، منصور قادر، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن جاوید اختر محمود، چیئرمین لاہور بورڈ پروفیسر مرزا حبیب اور عرفان احمد سمیت دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔

Scanned with CamScanner